Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-411
موضوع: تشویشناک طرزِ عمل کی شدت کو کم کرنا / مداخلت اور 911 سے رابطہ کرنا
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 21مئی، 2015

## خلاصہ

یہ ایک نیا ضابطہ ہے۔ یہ تشویشناک طرزِ عمل کے حامل طلبا کے لیے مداخلت اور صورت حال کی شدت کو کم کرنے اور 911 سے رابطہ کرنے کے متعلق محکمہء تعلیم ("DOE") کی پالیسی اور طریق کار کا اجراء کرتا ہے۔ یہ ضابطہ 1 اگست، 2015 سے موثر ہوگا۔

## I. تشویشناک طرزِ عمل کی شدت کو کم کرنا / مداخلت اور 911 سے رابطہ کرنا[1]

A. یہ ضابطہ تشویشناک طرزِ عمل کے حامل طلبا کے لیے مداخلت اور صورت حال کی شدت کو کم کرنے اور 911 سے رابطہ کرنے کے متعلق محکمئہ تعلیم ("DOE") کی پالیسی اور طریق کار کا اجراء کرتا ہے۔ یہ 1 اگست، 2015 سے موثر ہوگا۔جب کوئی طالب علم کسی ایسے طرزِ عمل کا مظاہرہ کرتا ہے جو طالب علم کو یا دیگر افراد کو سنگین ضرر پہنچانے کے حقیقی خطرے سے دوچار کرے، تو اسکول کو طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے مناسب طریقے کا تعین کرنا ہوگا اور اس پر غور کرنا ہوگا کہ آیا اسکولی عملہ ذیل کے مطابق حالات کی شدت کو بخیروعافیت کم کرسکتا ہے یا نہیں۔ ایسی صورتحال میں ذیلی طریق کار پر عمل کرنا لازم ہے:

1. پرنسپل / نامزد کردہ کو صورتحال سے مطلع کرنا لازم ہے اور والدین سے رابطے کی کوشش کرنا ضروری ہے۔ [2] جب حفاظتی عوامل اجازت دیں اور جب یہ اسکولی عملے کی حالات کی شدت کو کم کرنے میں خلل اندازی نہ کریں تو والدین کو اپنے بچے / اپنی بچی سے فون کے ذریعے یا بذاتِ خود گفتگو کرنے کا موقع ضرور دینا چاہیے۔

---

[1] جسمانی ضرر یا طبی صورتحال کے واسطے ہنگامی طبی خدمات کے لیے 911 کو فون کرنے کی پالیسیاں اور طریق کارچانسلر کے ضابطے A-412 میں موجود ہیں۔

[2] "والدین"، سے مراد طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا نگرانی کے تعلق میں کوئی شخص یا اشخاص، یا طالب علم خود اگر وہ ایک خودمختار نابالغ ہے یا 18 سال کی عمر کو پہنچ چکا ہے / چکی ہے۔

2. جب بھی ممکن ہو، تو جوابی عمل کرنے والے اسکولی عملے کو ذیل کے استعمال کے ذریعے بخیروعافیت طرزِ عمل کی شدت کو کم کرنے کی ہر ممکن کوشش ضرور کرنی چاہیے: 1) تشویشناک طرزِ عمل سے نمٹنے کی حکمت عملیاں اور مداخلتیں 2) اسکول کے اندر اور اجتمائی وسائل جو اسکول کے تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے کے منصوبے میں شناخت کیے گئے ہیں (نیچے حصہ III دیکھیں)۔ اگر کلاس روم استاد یا جوابی عمل کرنے والے اسکولی عملے کا ممبر طرزِ عمل کی شدت کو کم کرنے میں ناکام ہوتا ہے، تو استاد / عملے کے ممبر کو تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے میں تربیت یافتہ عملے کے ممبران سے امداد طلب کرنی چاہیے۔ استاد / عملے کے ممبر کو دیگر مناسب عملے اور وسائل سے بھی امداد حاصل کرنی چاہیے بشمول نائب پرنسپل، ڈین، اسکول کی تشویشناک صورتحال کی مداخلتی ٹیم، عمارت کی جوابی عمل کرنے والی ٹیم کا ممبر، ایک رہنما مشیر، اسکول میں قائم دماغی صحت کلینک (SBMH) یا اسکول میں قائم صحتی مرکز بمع دماغی خدمات صحت (SBHC) اگر جائے وقوع پر دستیاب ہو، یا بچوں کی نقل پذیر تشویشناک صورتحال کی مداخلتی ٹیم اگر وہ اس برو میں دستیاب ہوں۔

3. تاہم، جب طالب علم کا طرزِ عمل، طالب علم یا دیگر افراد کو سنگین ضرر پہنچانے کے فوری اور حقیقی خطرے سے دوچار کرے اور اسکول کا عملہ، یا مذکورہ بالا معاونتی خدمات صورتحال سے بخیروعافیت نہ نمٹ سکیں تو پرنسپل / نامزد کردہ کے لیے 911 کو فون کرنا لازم ہے۔ ایسی صورتحال میں جہاں پرنسپل / نامزد کردہ سے رابطہ کرنا قابلِ عمل نہیں، تو جوابی عمل کرنے والے اسکولی عملے کا ممبر / اسکول حفاظتی ایجنٹ کے لیے 911 کو فون کرنا اور اسکے فوراً بعد پرنسپل / نامزد کردہ کو مطلع کرنا ضروری ہے۔

## II. اسکول کی ذمہ داریاں جب 911 سے رابطہ کیا جائے

A. جب کسی طالب علم کے لیے 911 کو فون کیا جاتا ہے تو پرنسپل / نامزد کردہ کو فوراً والدین سے رابطہ کرکے انہیں مطلع کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کہ 911 کو فون کردیا گیا ہے۔

B. اگر والدین اسکول پہنچ گئے ہیں اور اس سے وہاں پر موجود 911 عملے کی مناسب انداز میں فرائض و ذمہ داریاں سرانجام دینے میں کوئی مزاحمت نہیں ہوتی، تو والدین کو وہاں پر موجود 911 عملے اور طالب علم سے گفتگو کا موقع فراہم کرنا ضروی ہے۔

C. اگر والدین اسکول نہیں پہنچے لیکن ان سے فون کے ذریعے رابطہ ہوچکا ہے تو والدین کو طالب علم سے اور وہاں پر موجود 911 عملے سے گفتگو کرنے کا موقع دینا چاہیے، اگر ایسا کرنا قابل عمل ہو اور یہ وہاں پر موجود 911 عملے کے مناسب انداز میں فرائض و ذمہ داریاں سرانجام دینے میں کوئی مزاحمت نہ کرے۔

D. اگر والدین اسکی درخواست کرتے ہیں کہ بچے کو اسپتال نہ بھیجا جائے تو 911 کا منظر پر پہنچنے والا عملہ DOE عملے، والدین اور جیسے مناسب ہو، دیگر افراد سے متعلقہ معلومات طلب کریں گے اور یہ تعین کریں گے کہ آیا والدین کی درخواست کو FDNY کی طبی امداد وصول کرنے سے انکار کی پالیسیوں اور طریق کار کے مطابق منظور کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔

E. اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ طالب علم کو طبی ہنگامی امداد اور / یا نقل و حمل درکار نہیں تو اسکولی اہلکاران اور والدین اگلے مناسب اقدامات پر بات چیت کرسکتے ہیں بشمول لیکن ان تک محدود نہیں کہ آیا طالب علم کو کلاس میں واپس جانا چاہیے یا نہیں۔

F. اگر اسکولی عملہ طالب علم کے والدین سے رابطہ نہیں کر پاتا، تو 911 کا منظر پر پہنچنے والا عملہ جیسے مناسب ہو، DOE عملے اور دیگر افراد سے متعلقہ معلومات طلب کریں گے اور پھر یہ تعین کریں گے کہ آیا طالب علم کو طبی ہنگامی امداد اور / یا نقل و حمل درکار ہے۔ اگر یہ تعین کیا جاتا ہے تو طالب علم کو اسپتال لے جایا جائے گا تو اسکولی عملے کے ممبر کے لیے طالب علم کے ہمراہ جانا ضروری ہے۔ اگر والدین، اسکولی عملے کے ممبر کا دن ختم ہونے تک نہ پہنچ سکیں تو اسکولی عملے کے ممبر کو مزید ہدایات کے لیے پرنسپل / نامزد کردہ سے رابطہ کرنا ضروری ہے۔

G. کسی بھی صورت میں طالب علم کے طرزِ عمل کی وجہ سے 911 کو فون کرنا کسی تادیبی ردِعمل یا تادیبی کارروائی کی طرح استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ مزید، جب مذکورہ I.A.2 میں مقرر کردہ حکمت عملیوں اور وسائل کو تشویشناک صورتحال کا سامنا کرنے کے لیے بخیروعافیت استعمال کیا جاسکتا ہے، تو 911 کو صورت حال کی شدت کو کم کرنے کی حکمت عملیوں اور وسائل کے متبادل یا اسکی جگہ استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

H. اسکول، طالب علم سے اسکول میں اندراج یا اسکول واپسی کی شرط کے طور پر دماغی صحت کی صداقت کے خط کی درخواست یا مطالبہ نہیں کرسکتے۔

I. طرزِ عمل سے متعلقہ تشویشناک صورتحال پیش آنے کے بعد، اسکولی عملے کو طالب علم کے لیے مناسب مثبت طرزعمل کی اعانتوں اور مداخلتوں پر گفت و شنید کے لیے والدین (اور طالب علم، جب مناسب ہو) سے ملاقات کرنی چاہیے۔

## III. تشویشناک صورتحال میں مداخلتی منصوبے

A. ہر اسکول کا تشویشناک صورتحال کی جواب دہ / انسداد کی تعلیم / مداخلتی ٹیم (تشویشناک صورتحال کی مداخلتی ٹیم) کو اپنے مجتمعہ اسکول اور نوجوانان کی نشوونما کے منصوبے کے حصے طور پر ایک تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے کا منصوبہ مکمل کرنا ہوگا۔ ایسے منصوبے کے لیے ذیل سرانجام دینا لازم ہے:

1. طرزِ عمل سے متعلقہ تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے کی حکمت عملیاں شامل کرنا؛
2. اسکولی عمارت میں ایسے مقام کی شناخت کرنا جہاں تشویشناک صورتحال کے حامل طلبا کو دوسروں سے علیحدہ کیا جاسکے؛
3. صورتِ حال کی شدت کو کم کرنے میں کسی بھی تربیت یافتہ اسکولی عملے کی شناخت کرنا؛
4. اسکولی کے اندر اور ایسے اجتمائی وسائل کی شناخت کرنا جو اسکول اور والدین کے لیے دستیاب ہیں (مثلاً، دماغی صحت کلینک، نقل پذیر تشویشناک صورتحال کی ٹیمیں، ایسی سہولیات جو اشد ضروری / اسی دن کی دماغی صحت کی تشخیصات فراہم کریں)؛ اور
5. یہ توضیح کرنا کہ اسکولی عملے کو تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے اور جوابی دستوری عمل کے متعلق کیسے آگاہ کیا جائے۔

## IV. اطلاع دینے کے طریقِ کار

A. جب بھی 911 کو فون جائے تو پرنسپل / نامزد کردہ کو پر DOE کے ہنگامی داخلے کے 718-935-3210 مرکز (EIC) کو لازماً مطلع کرنا ہوگا۔

B. پرنسپل / نامزد کردہ کو واقعے کے 24 گھنٹے کے اندر تمام تر اسکول سے متعلقہ واقعات کے لیے، بشمول وہ تمام واقعات جن کے لیے 911 سے رابطہ کیا گیا تھا، ایک آن لائن واقعے کی رپورٹ (OORS رپورٹ) دائر کرنی ہوگی۔

C. دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی (OSYD) ایک OORS رپورٹ دائر کرنے سے متعلقہ کسی بھی تکنیکی سوالات کے لیے امدادی خدمات فراہم کرتا ہے۔ یہ امدادی خدمت پیر تا جمعہ صبح 8:00 سے شام 5:00 بجے تک دستیاب ہے۔ امدادی خدمت سے رابطہ کرنے کے لیے پر فون کریں اور 718-935-5004 OSYD ویب امداد طلب کریں۔

D. چانسلر کے ضابطے A-820 اور خاندانی تعلیم حقوق اور رازداری قانون (FERPA) کے مطابق درخواست کرنے پر والدین کو اپنے بچے کی واقعہ رونما ہونے کی رپورٹ کی نقل وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔

## V. اعلانات

A. ہر تشویشناک صورتحال کی مداخلتی ٹیم کو تمام تر اسکولی عملے بشمول غیر تدریسی عملے کے لیے 31 اکتوبر تک ایک واقفیتی اجلاس منعقد کرنا ہوگا۔ واقفیتی اجلاس میں اس ضابطے میں مقرر کردہ پالیسیوں اور طریق کار کی پیش کش اور اسکول کا تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے کا منصوبہ شامل ہونا ضروری ہے۔

B. ہر اسکول کو 31 اکتوبر تک یہ تصدیق کرنی ہوگی کہ انہوں نے اپنے سالانہ مجتمعہ اسکول اور نوجوانان کی نشوونما منصوبے میں واقفیتی اجلاس منعقد کیا ہے۔

C. 31 اکتوبر تک اس ضابطے اور تشویشناک صورتحال کی شدت کو کم کرنے کے منصوبے میں مقرر کردہ پالیسیوں اور طریق کار کو ایک اسکول حفاظتی کمیٹی اجلاس میں زیر غور لانا چاہیے جہاں اندرونی اسکول حفاظتی ایجنٹ سطح III / نامزد کردہ کا موجود ہونا لازم ہے۔

D. اس ضابطے کی نقل کو والدین کے درخواست کرنے پر فراہم کرنا ضروری ہے۔

## VI. استفسارات

اس ضابطے سے متعلقہ استفسارات ذیل کو بھیجے جانے چاہیئں:

Office of Safety and Youth Development

N.Y.C. Department of Education

52 Chambers Street – Room 218

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-5501

فیکس: 212-374-5751